© rasailojaraid.com



## انفاس العارفین

مصنف:۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم۔ سید محمد فاروق القادری۔ ایم۔اے

شائع کردہ۔ مکتبہ المعارف۔ گنج بخش روڈ۔ لاہور

صفحات ۴۲۴۔ قیمت بیس روپے

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی تصانیف میں "انفاس العارفین" ایک اہم اور وقیع تصنیف ہے۔ اصل کتاب فارسی میں ہے، جو اب چند لائبریریوں کے سوا کہیں میسر نہیں۔ اس کتاب میں اگرچہ بظاہر شاہ صاحب کے خاندان کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ بہت سے اہم واقعات و امور کو اپنے دامن صفحات میں سمیٹے ہوئے ہے۔ کتاب اپنے موضوع میں بڑی دلچسپ اور بے شمار معلومات کو محیط ہے۔ اور واقعہ یہ ہے کہ خاندان ولی اللہی کے حالات و کوائف کا اصل ماخذ یہی ہے۔ اردو دان طبقے کے لیے اس کے ترجمے کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔ مکتبہ المعارف نے اس کو شائع کر کے علمی حلقوں کی بہت بڑی ضرورت پوری کر دی ہے۔ یہ کتاب جس طرح باطنی اعتبار سے اپنے اندر ایک خاص کشش رکھتی ہے اسی طرح ظاہری محاسن سے بھی مزین ہے۔ کاغذ، طباعت، کتابت، جلد اور سرورق ہر لحاظ سے دیدہ زیب ہے۔ ترجمے کی زبان بھی رواں دواں اور شستہ ہے۔ اہل علم کا فرض ہے کہ اس نوع کی معلومات افزا کتابوں کو اپنے مطالعہ میں رکھیں۔

---

© rasailojaraid.com